ڈسٹرکٹ پولیس آفس بہاولپور/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(449)

18-08-2023

**بہاول پور(        )جمعتہ المبارک کے روز ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کے سیکیورٹی کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کے وزٹ،موجودہ ملکی صورتحال کے پیش نظر ڈیوٹی پر مامور اہلکاروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت،سیکیورٹی فرائض میں غفلت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی،ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او سید محمد عباس کی ہدایت پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ایس ڈی پی اوز نے اپنے سرکل جبکہ ایس ایچ اوز نے اپنے اپنے تھانہ جات کی حدود میں جمعتہ المبارک کے حوالے سے مساجد اورامام بارگاہوں کی سیکیورٹی ڈیوٹی پر مامورافسران وجوانوں کو چیک کیا۔سیکیورٹی پر مامور جوانوں کے پاس موجود اسلحہ اور حفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا۔موجودہ ملکی صورتحال کے پیش نظر جوانوں کو الرٹ رہ کر ڈیوٹی سرانجام دینے کی ہدایت کی۔ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہمارا فرض بہت اہم ہے،شہریوں کو احساس تحفظ دلانا ہے کہ ہم انکی سیکیورٹی کے لیے موجود ہیں۔ملکی صورتحال کے پیش نظر شرپسند عناصر پر کڑی نظر رکھیں اور الرٹ رہیں کیونکہ ہم الرٹ رہیں گے تو شرپسند عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوسکیں گے،سیکیورٹی فرائض میں غفلت ولاپرواہی بلکل برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو اپنے اپنے ایریا میں موثر گشت اور سیکیورٹی انتظامات کے حوالے سے ہدایات بھی جاری کیں۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




بہاولپور: جمعتہ المبارک کے موقع پر مساجد وامام بارگاہوں پر پولیس کے افسران وجوان الرٹ ہوکر ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (450)

مورخہ 18.08.2023

**بہاولپور(          )ڈی پی اوسید محمد عباس کا ملکی صورتحال کے پیش نظر اقلیتی برادری کی عبادت گاہوں کے سیکیورٹی آڈٹ کا حکم،ان کی سیکیورٹی پر کمپرومائز نہیں کیا جائے گا،معاشرتی امن کے لئے بہاول پور میں رہنے والے تمام اقلیتی برادری کی سیکیورٹی کو فول پروف رکھا جائے،ڈی پی او**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انوراورایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کی موجودہ ملکی صورتحال کے پیش نظر اقلیتی برادری کی عبادت گاہوں کی سیکیورٹی کے حوالے سے جاری احکامات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے اقلیتی برادری کی عبادت گاہوں کے سیکیورٹی آڈٹ کا حکم دے دیا، ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ فزیکلی طور پر اقلیتی عبادت گاہوں کے سیکیورٹی انتظامات اور جن ایونٹس اور مقامات پر سیکیورٹی مستقل بنیادوں پر لگی ہوئی ہے ان کو باقاعدگی سے چیک کریں، ملکی حالات کے پیش نظر انہیں بریف کریں، سیکیورٹی پر مامورافسران وجوان ڈیوٹی کی حساسیت کو مدنظر رکھتے ہوئے الرٹ ہوکر ڈیوٹی سرانجام دیں اور مشکوک افراد کی سرگرمیوں پر بھی کڑی نظر رکھیں۔ سیکیورٹی انتظامات کا ازسرنو جائزہ لیں، کمی بیشی کو دور کر کے رپورٹ بھجوائیں، ضلع بھر میں قیام امن کو یقینی بنانے کے لئے مختلف مقامات کے علاوہ ضلع کے خارجی اور داخلی راستوں پر جرائم پیشہ افراد کی نقل وحرکت کیلئے جاری موثر سنیپ چیکنگ کو مزید بہتر بنایا جائے۔ڈی پی او نے مزید ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ایس ایچ اوز اور پٹرولنگ ڈیوٹی پر مامورافسران اقلیتی عبادت گاہوں کے اردگرد گشت کو ہرصورت یقینی بنائیں، کسی بھی مشتبہ اشخاص سے پوچھ گچھ اور اقلیتی عبادت گاہوں کے اردگرد رہنے والے غیر متعلقہ افراد پر بھی نظر رکھیں، معاشرتی امن کے لیے بہاولپور میں رہنے والے تمام اقلیتی برادری کی سیکیورٹی کو فول پروف رکھا جائے، غفلت ولاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی، مسیحی برادری کے اتوار کے روز اور دیگر اقلیتی برادری کے عام دنوں میں عبادت گاہوں میں منعقد ہونے والے پروگرامز کے حوالے سے جاری شدہ سیکیورٹی پلان پر عمل درآمد کو ہرصورت یقینی بنائیں، آن گراؤنڈ ڈیوٹی پر ماموراافسران وجوانوں کو فزیکلی چیک کریں، قانون میں اقلیتی عبادت گاہوں کی سیکیورٹی کی مکمل ایس او پیز موجود ہیں جس پر من وعن عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




بہاولپور: ڈی پی او سید محمد عباس نے ملکی صورتحال کے پیش نظر اقلیتی برادری کی عبادت گاہوں کے سیکیورٹی آڈٹ کا حکم جاری کر دیا

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(451)

مورخہ 18.08.2023

**بہاولپو(          )ڈی پی او سید محمد عباس کے احکامات، ڈولفن اسکواڈ کی کامیاب کارروائی،ڈکیتی اور نوسر بازی کی متعدد وارداتوں میں ملوث ملزم گرفتار۔گرفتار ملزم کے قبضہ سے نقدرقم برآمد۔معاشرے کے ایسے منفی عناصر کے خلاف مزید کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی،ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کی جرائم کی سرکوبی کیلئے جاری ہدایات اور ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی سربراہی میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ڈولفن اسکواڈ 04 نے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے بزرگ شہری سے ATM کارڈ چھیننے والے نوسر باز کو گرفتار کرلیا۔گرفتار ملزم کی تصدیق غلام محمد کے نام سے ہوئی جو ڈکیتی،نوسر بازی اور اسلحہ ناجائز کی متعدد وارداتوں میں ملوث پایا گیا۔ڈولفن اسکوارڈ 04 کے جوانوں نے ملزم اور اس سے برآمدہ رقم اور ATM کارڈ ایس ایچ او تھانہ کینٹ کے حوالے کیا۔تھانہ کینٹ پولیس نے ریکورشدہ رقم اصل مالک کے حوالے کردی۔ڈی پی او سید محمد عباس نے اس موقع پر کہا کہ ڈولفن اسکواڈ ہر ایمرجنسی کال پر فوری ریسپانس کرتی ہے تاکہ مجرم کو فرار ہونے کا موقع نہ ملے۔ڈی پی او نے بہترین کارکردگی پر ڈولفن فورس کی ٹیم کو شاباش دی۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




بہاولپو:ڈی پی او سید محمد عباس کے احکامات،ڈولفن اسکارڈ 04 کی کامیاب کارروائی،ڈکیتی اور نوسر بازی کی متعدد وارداتوں میں ملوث ملزم گرفتار